**Shabbir / Fazil**

**25-05-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلّی میں راشٹرپتی بھون میں پدم ایوارڈز عطا کریں گی۔

2- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت نے سبھی قبائلی برادریوں کو، یکساں سِول کوڈ کے دائرۂ عمل سے الگ رکھا ہے۔

3- پیٹرول کی قیمت میں 2 روپے 61 پیسے فی لیٹر، جبکہ ڈیزل کی قیمت میں 2 روپے 71 پیسے فی لیٹر کا اضافہ کیا گیا ہے۔

4- امتحانات منعقد کرانے والی قومی ایجنسی نے اِس ماہ کی 28 تاریخ کو کرائے جانے والے CUET-UG 2026 امتحانات ملتوی کر دیے ہیں۔

5- وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ، ہر قسم کی دہشت گردی سے لڑنے میں شدید دلچسپی کے حامل ہیں۔

6- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ بھارت، اُن پر پوری طرح اعتبار کر سکتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہ وزیر اعظم مودی کے بڑے پرستار ہیں۔

7- اور IPL کرکٹ میں، کولکاتہ کے ایڈن گارڈنز میں، ڈیلی کیپٹلز نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو 40 رن سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev.Prez Padma Awards

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج شام راشٹرپتی بھون میں منعقدہ اب تک کی پہلی، سِول ایوارڈ سے متعلق ایک تقریب میں، پدم ایوارڈز عطا کریں گی۔ یہ ایوارڈز ملک کے اعلیٰ ترین سِول ایوارڈز ہوتے ہیں، جو تین زمروں پدم وبھوشن، پدم بھوشن، اور پدم شری کے تحت دیے جاتے ہیں۔

آج اِس تقریب میں صدر جمہوریہ، 66 پدم ایوارڈز عطا کریں گی، جن میں 2 پدم وبھوشن، 6 پدم بھوشن اور 58 پدم شری ایوارڈز ہیں۔ بقیہ پدم ایوارڈز، اِس تقریب کے دوسرے مرحلے میں دیے جائیں گے، جو بعد میں منعقد کی جائے گی۔

ایک رپورٹ

V/C - Priya

اِس سال حکومت نے 131 پدم ایوارڈز کا اعلان کیا ہے۔ اِن میں 5 پدم وبھوشن، 13 پدم بھوشن اور 113 پدم شری ایوارڈز ہیں۔ انعام یافتگان میں 19 خواتین شامل ہیں، جبکہ 16 افراد کو، بعد از مرگ اِن ایوارڈ سے نوازا جائے گا۔ یہ ایوارڈز ملک کے اعلیٰ ترین شہری ایوارڈ ہیں۔ انہیں 1954 میں شروع کیا گیا تھا اور اِن کا اعلان ہر سال یومِ جمہوریہ کے موقعے پر کیا جاتا ہے۔ یہ ایوارڈز لوگوں کے امتیازی کاموں کے اعتراف میں دیے جاتے ہیں، جن میں آرٹ، لٹریچر، تعلیم، کھیل کود، دوائیں، سماجی کام، سائنس و انجینئرنگ، عوامی امور اور تجارت و صنعت کے میدان شامل ہیں۔

پریا مونڈل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Must Announcemnt

پدم ایوارڈز عطا کئے جانے کے موقعے پر ہم اپنی سیریز ''آکاشوانی پر لوگوں کے پدم'' کے طور پر خصوصی پروگرام نشر کر رہے ہیں۔

S/B - Attached

اپنی اِن نشریات میں ہم اپنے سامعین کو اُن شخصیتوں کے کاموں اور زندگیوں کے بارے میں تفصیل فراہم کر رہے ہیں، جنہیں پدم ایوارڈز سے نوازا گیا ہے۔

آپ اِس گفتگو کو آج 100 اعشاریہ ایک، آکاشوانی گولڈ پر صبح 9 بجکر 10 منٹ سے سُن سکتے ہیں۔

یہ پروگرام آپ NEWSONAIR ایپ اور NEWSONAIROFFICIAL یو ٹیوب چینل پر بھی سُن سکتے ہیں۔×

Shah Traibals UCC

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت نے سبھی قبائلی برادریوں کو، یکساں سِول کوڈ UCC کے دائرۂ عمل سے الگ کرنے کی خصوصی سہولتیں رکھی ہیں، جس کے تحت اِس بات کو یقینی بنایا گیا ہے کہ اُن کے حقوق پوری طرح محفوظ ہیں۔

نئی دلّی میں ' جن جاتیہ سانسکرِتک سماگم ' سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ UCC سے، کوئی قبائلی حقوق ختم نہیں ہوں گے۔

S/B - Amit Shah

وزیر داخلہ نے یہ بھی کہا کہ قبائلی بہبود کے بجٹ میں، نریندر مودی حکومت کے تحت ایک لاکھ 50 ہزار کروڑ روپے کا اضافہ کیا گیا ہے، جبکہ یہ کانگریس سرکار کے دوران محض 28 ہزار کروڑ روپے تھا۔×

PM Falta

وزیر اعظم نریندر مودی نے BJP امیدوار دیبانگشو پانڈا کو، فالٹا آسمبلی میں دوبارہ کرائی گئی پولنگ میں ریکارڈ ووٹ حاصل کرنے پر مبارکباد دی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ اِس جیت سے، BJP کے تئیں مغربی بنگال کے عوام کے پختہ عزم کا اظہار ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ مختلف شعبوں میں مغربی بنگال سرکار کا غیر معمولی کام دیکھ رہے ہیں، لہٰذا انہوں نے اِس پارٹی کو مزید کام سونپنے کا فیصلہ کیا ہے۔

جناب مودی نے مغربی بنگال میں، BJP کارکنوں کی، اُن کے غیر معمولی کام پر ستائش کی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آنے والے وقت میں مغربی بنگال کی ترقی کیلئے سبھی لوگ اسی طرح کام کرتے رہیں گے۔×

Fuel Price Hike

پیٹرول کی قیمت میں آج 2 روپے 61 پیسے فی لیٹر اور ڈیزل کی قیمت میں 2 روپے 71 پیسے فی لیٹر کا اضاف کیا گیا ہے۔ یہ اضافہ دو ہفتے میں، چوتھی بار ہے۔

لہٰذا اب دلّی میں، پیٹرول کی قیمت 102 روپے 12 پیسے اور ڈیزل کی قیمت 95 روپے 20 پیسے فی لیٹر ہوگی۔×

NTA CUET Exam Date

امتحانات منعقد کرانے والی قومی ایجنسی NTA نے اِس ماہ کی 28 تاریخ کو ہونے والے یونیورسٹی میں انڈر گریجویٹس کیلئے داخلے کے مشترکہ امتحان 2026 کو ملتوی کردیا ہے۔ NTA نے کہا ہے کہ حکومت کی طرف سے جاری کیے گئے نوٹیفکیشن کے مطابق عید الاضحیٰ کے پیش نظر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ ایجنسی نے بتایا کہ اب اِس امتحان کیلئے نئی تاریخوں کا اعلان جلد ہی کیا جائے گا۔ NTA نے امیدواروں کو تازہ جانکاری کیلئے اُس کی باضابطہ ویب سائٹ دیکھنے کا مشورہ دیا ہے۔×

Pradhan CBSE

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے امتحان کے پرچوں کو دوبارہ جانچنے کے عمل کی خامیوں کو دور کرنے کیلئے CBSE کی مدد کی غرض سے IIT مدراس اور IIT کانپور کے پروفیسرز اور تکنیکی ماہرین کی ایک ٹیم تعینات کرنے کی ہدایت دی ہے۔ یہ فیصلہ CBSE کے نتائج کے بعد کی خدمات سے متعلق پورٹل کے بارے میں طلبا اور والدین کی طرف سے ظاہر کی گئی تشویش کے پیش نظر کیا گیا ہے۔

تعلیم کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ IITs کے ماہرین کی یہ ٹیم، نظام میں تکنیکی بہتری لانے نیز خاص طور پر امتحان کے پورٹل کے استحکام اور سرور کی کارکردگی کو تکنیکی طور پر بہتر بنانے کیلئے کام کرے گی۔x

Pradhan Nirmala Meeting

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے کل، مالی اور کارپوریٹ امور کی وزیر نرملا سیتا رمن سے بات چیت کی۔ یہ بات چیت CBSE کے بعد کے نتائج اور جوابات کے پرچوں کو دوبارہ جانچنے کے عمل کے دوران، طلبا کو درپیش تکنیکی اور ادائیگی سے متعلق معاملات کے بارے میں کی گئی ہے۔

وزارتِ تعلیم نے بتایا کہ اِس بات چیت کے دوران یہ فیصلہ کیا گیا کہ بھارتیہ اسٹیٹ بینک، بینک آف بڑودا، کینرا بینک اور انڈین بینک، CBSE کو، اِس کی ادائیگیوں کے نظام اور امتحانات کے بعد کی خدمات سے متعلق پورٹل کو لازمی طور پر مربوط کیے جانے میں مدد دیں گے۔

وزارت نے کہا کہ یہ بینک CBSE کی مدد کریں گے کہ وہ بڑے پیمانے پر ادائیگیوں کے طریقِ کار مقرر کریں، تاکہ رقوم کی بروقت ادائیگیوں کو یقینی بنایا جا سکے، اِن سے متعلق خامیوں کو دور کیا جا سکے اور اگر اضافی طور پر کسی رقم کی ادائیگی کر دی گئی ہے، تو اُسے واپس کیا جا سکے۔

جناب پردھان نے CBSE کو یہ ہدایت بھی دی کہ وہ اپنی ادائیگیوں کے نظام کو مکمل طور پر خامیوں سے پاک بنائے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

EAm US Independence

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ، ہر قسم کی دہشت گردی سے شدید طور پر لڑنا چاہتے ہیں۔

کل نئی دلّی میں، امریکہ کی آزادی کے 250 سال پورے ہونے کے موقعے پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت اور امریکہ کو دہشت گردی، ہرگز برداشت نہ کرنے کے بارے میں ہمیشہ واضح رہنا چاہیے اور اسی وجہ سے دہشت گردی کی روک تھام کیلئے اُن کا تعاون نہایت اہم ہے۔
انہوں نے کہا کہ دونوں کی مشترکہ دلچسپی، عالمی معیشت کو درپیش خطرات کو ختم کرنے اور دنیا کو مزید موقعے فراہم کرنے میں ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ بہت سے موقعے ایسے ہوتے ہیں، جن سے دونوں ملکوں کو بہت سے میدانوں میں مؤثر دفاعی شراکت دار بننے کے موقعے ملتے ہیں۔
امریکی وزیر خارجہ اور قومی سلامتی کے مشیر مارکو روبیو کے دورے کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اِس دورے سے، موجودہ دور میں بھارت-امریکہ تعلقات کی اہمیت کا اظہار ہوتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایک سال پہلے وزیر اعظم نریندر مودی اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دونوں ملکوں کی پائیدار شراکت داری کو مزید فروغ دینے کا ایک راستہ قائم کیا تھا۔×

## Trump PM Modi

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے، بھارت میں امریکی سفیر Sergio Gor کو فون کیا۔ انہوں نے یہ فون کل نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں امریکہ کی آزادی کے 250 سال مکمل ہونے کی ایک تقریب کے دوران کیا۔
امریکی صدر نے وزیر اعظم نریندر مودی کو ایک دوست قرار دیا اور کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کبھی اتنے قریبی نہیں رہے۔ جناب ٹرمپ نے کہا کہ وہ بھارت کو پسند کرتے ہیں، یہاں تک کہ انہوں نے خود کو وزیر اعظم مودی کا ایک Big Fan قرار دیا۔ جناب ٹرمپ نے کہا کہ بھارت اُن پر 100 فیصد بھروسہ کر سکتا ہے۔ امریکی سفیر نے اپنے فون کا رُخ مائیکروفون کی طرف کر دیا، تاکہ سامعین، ٹرمپ کی یہ باتیں سُن سکیں۔
اِس تقریب میں وزیر خارجہ ایس جے شنکر، امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو اور امریکہ کے سفیر Sergio Gor نے شرکت کی۔
امریکی صدر نے یہ رائے زنی، امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو کے، بھارت کے 4 روزہ دورے کے دوران کی ہے۔ جناب روبیو نے وزیر اعظم مودی سے ہفتے کو ملاقات کی تھی، جس کے بعد انہوں نے کل وزیر خارجہ ایس جے شنکر اور قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال سے ملاقات کی۔×

## US Iran Deal

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انھوں نے اپنے نمائندوں سے کہا ہے کہ وہ ایران کے ساتھ معاہدہ کرنے میں جلد بازی نہ کریں، کیونکہ اُن کی انتظامیہ کو اِس تین مہینے کی جنگ میں کسی فوری پیش رفت کی امیدیں کم ہیں۔

انھوں نے کہا کہ اُن کی انتظامیہ کے تحت ایران کے ساتھ مستقبل میں کسی بھی معاہدے میں کوئی مالی رعایتیں شامل نہیں ہوں گی اور یہ معاہدہ بنیادی طور پر سابق امریکی صدر بارک اوبامہ کی مدتِ کار کے دوران ہوئے معاہدے سے مختلف ہوگا۔ انھوں نے اوبامہ کے دورِ حکومت میں ایران کے ساتھ ہوئے نیوکلیائی معاہدے کی سخت نکتہ چینی کی نیز یہ دعویٰ کیا کہ اُن کی طرف سے مجوزہ معاہدہ تہران کو نیوکلیائی ہتھیار حاصل کرنے سے روکے گا اور یہ معاہدہ سابق امریکی صدر بارک اوبامہ کی طرف سے کیے گئے معاہدے سے مختلف ہوگا۔x

Haj Pilgriamage

مغربی ایشیا میں جاری کشیدگی کے دوران آج سے سالانہ پانچ روزہ مناسک حج کا آغاز ہو رہا ہے۔ بھارت سمیت دنیا بھر سے 16 لاکھ سے زیادہ عازمین حج سعودی عرب میں، مکۂ معظّمہ سے منیٰ کیلئے روانہ ہو رہے ہیں۔ وہ منیٰ میں رات کے قیام کے بعد کل صبح وقوف عرفہ کیلئے میدان عرفات جائیں گے۔ اِس سال بھارت سے ایک لاکھ 75 ہزار عازمین فریضۂ حج کی ادائیگی کیلئے سعودی عرب گئے ہوئے ہیں۔x

Bangladesh Pranay Verma

بنگلہ دیش میں بھارت کے سبکدوش ہائی کمشنر پرنئے ورما نے کل بنگلہ دیش کے وزیر اعظم طارق رحمان سے الوداعی ملاقات کی۔ بنگلہ دیش میں بھارتی ہائی کمیشن کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم X پر جاری ایک پوسٹ کے مطابق، وزیر اعظم نے جناب پرنئے ورما کی بھارت-بنگلہ دیش تعلقات کو مضبوط بنانے میں ان کی خدمات کو سراہا اور اُن کے آئندہ تقرر کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر جناب ورما نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بھارت، دونوں ممالک کے عوام کے باہمی مفاد اور مشترکہ خوشحالی کیلئے بنگلہ دیش کے ساتھ کثیر جہتی تعاون کو مزید فروغ دینے کا خواہشمند ہے۔x

IPL

IPL کرکٹ میں کل رات کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں کھیلے گئے میچ میں ڈیلی کیپٹلز نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو 40 رن سے ہرا دیا۔ ڈیلی کیپٹلز نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو جیت کیلئے 204 رن کا نشانہ دیا تھا۔ جواب میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس 18 اوورس چار گیند پر محض 163 رن ہی بنا سکی۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ڈیلی کیپٹلز نے مقررہ 20 اوورس میں 5 وکٹ پر 203 رن بنائے تھے۔ اِس سے پہلے کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا تھا۔ کُلدیپ یادو کا میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

ایک اور میچ میں وانکھیڑے اسٹیڈیم میں راجستھان رایلز نے میزبان ممبئی انڈینس کو 30 رن سے شکست دی۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے راجستھان رایلس نے مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ پر 205 رن بنائے۔ ممبئی انڈینس مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ کے نقصان پر 175 رن ہی بنا سکی۔x

Norway Chess

اوسلو میں، پہلے راؤنڈ کے مقابلوں کے ساتھ ہی، ناروے شطرنج 2026 کا آغاز ہوگیا ہے۔ البتہ اِس ٹورنامنٹ کا آغاز سرکاری طور پر آج بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے آٹھ بجے ہوگا۔

یہ ناروے شطرنج کا 14 واں اور ناروے شطرنج خواتین کا تیسرا ٹورنامنٹ ہے۔x

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے آج دلی، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور پنجاب کے مختلف علاقوں میں شدید گرمی کی لہر چلنے کے حوالے سے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ اس کے علاوہ راجستھان، مدھیہ پردیش، اترپردیش، بہار، چھتیس گڑھ، ساحلی آندھرا پردیش، جھارکھنڈ، اڈیشہ اور تلنگانہ کے بعض علاقوں میں بھی دن کے دوران شدید گرمی کی صورتحال رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمۂ موسمیات نے اپنی پیش گوئی میں یہ بھی کہا ہے کہ شمال مشرقی ہندوستان، مغربی بنگال کے زیریں ہمالیہ کے علاقے، سکم، کیرلم، ماہے، تمل ناڈو اور پڈوچیری کے بعض علاقوں میں آج موسلادھار بارش ہونے کا امکان ہے۔x

Must Announcement Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''معمر شہریوں کیلئے ایک ہی جگہ ڈیجیٹل مدد: JEEVAN اور SHATAYU'' ایپس کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔

یہ مذاکرہ، سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کی وزارت کی جوائنٹ سکریٹری مونالی پی- دَھکاتے کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات
نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار
پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر
شکریہ -اسلم

قومی راجدھانی دِلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے نئی دلی میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کی مشترکہ پریس کانفرنس سے متعلق خبر کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

روزنامہ اخبار انقلاب لکھتا کہ بھارت اور امریکہ کے تعلقات نئی بلندیوں پر۔ اخبار نے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے اِس بیان کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے کہ دنیا کی دو بڑی جمہوریتوں کے درمیان تعلقات سفارت کاری سے کہیں آگے بڑھ چکے ہیں۔

اسی اخبار نے بھارتی حکومت کی طرف سے اپنے شہریوں کو اِبولا وائرس کے تئیں محتاط رہنے کے مشورے سے متعلق خبر کو بھی اپنے پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔

مغربی بنگال میں فالٹا ضمنی انتخاب میں BJP کی بڑی جیت۔ اِس خبر کو اردو اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

اِس کے علاوہ آج کے اخبارات کی بین الاقوامی خبروں کی سرخیاں اس طرح ہیں:

- بلوچستان کے کوئٹہ میں ایک خودکش حملہ،30 افراد کی موت۔
- امریکہ اور ایران کے درمیان معاہدہ تقریباً طے، اعلان جلد متوقع۔
- وہائٹ ہاؤس کے باہر فائرنگ، حملہ آور ہلاک
- روس کا یوکرین میں بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز سے بڑا حملہ۔
- حج کے دوران طبی نظام متحرک ، تین ہزار ایمبولینس اور 11 طیارے تعینات۔

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلّی میں راشٹرپتی بھون میں پدم ایوارڈز عطا کریں گی۔

2- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت نے سبھی قبائلی برادریوں کو، یکساں سِول کوڈ کے دائرۂ عمل سے الگ رکھا ہے۔

3- پیٹرول کی قیمت میں 2 روپے 61 پیسے فی لیٹر، جبکہ ڈیزل کی قیمت میں 2 روپے 71 پیسے فی لیٹر کا اضافہ کیا گیا ہے۔

4- امتحانات منعقد کرانے والی قومی ایجنسی نے اِس ماہ کی 28 تاریخ کو کرائے جانے والے CUET-UG 2026 امتحانات ملتوی کر دیے ہیں۔

5- وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ، ہر قسم کی دہشت گردی سے لڑنے میں شدید دلچسپی کے حامل ہیں۔

6- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ بھارت، اُن پر پوری طرح اعتبار کر سکتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہ وزیر اعظم مودی کے بڑے پرستار ہیں۔

7- اور IPL کرکٹ میں، کولکاتہ کے ایڈن گارڈنز میں، ڈیلی کیپیٹلز نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو 40 رن سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------